A

610

സമഗ്ര ശിക്ഷാ കേരളം

പാദവാർഷിക മൂല്യനിർണ്ണയം 2023 - 24

ക്ലാസ് : 6 | ഉർദു | സമയം : 2 മണിക്കൂർ

പൊതു നിർദേശങ്ങൾ

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിന് ഈ സമയം ഉപയോഗിക്കേണ്ടതാണ്.
- നിർദേശങ്ങൾക്കനുസരിച്ച് ഉത്തരമെഴുതുക.
- തന്നിരിക്കുന്ന 6 പ്രവർത്തനങ്ങളിൽ 5 പ്രവർത്തനങ്ങൾക്ക് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

سرگرمی ۱



بچّو، نندو کا گھر دیکھیے۔ وہاں کئی جانور اور پرندے ہیں۔لالی اس کی پیاری بلّی ہے۔ وہ بہت خوب صورت ہے۔ اس کا رنگ کالا ہے۔

A بچّو، تصویر دیکھ کر چار جانوروں کے نام لکھیے۔

B پسندیدہ ایک جانور کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

سرگرمی ۲

آج اسکول میں پوکّلم کا مقابلہ ہے۔ نندو صبح سویرے پھول توڑنے کے لیے باغ گیا۔ واپس آتے وقت دوست روشن سے ملا۔ نندو کو دیکھ کر روشن پوچھنے لگا ......

روشن : ارے نندو! تم کہاں سے آ رہے ہو؟

نندو : ....

روشن : ....

نندو : ....

روشن : ....

بچو، روشن اور نندو کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

سرگرمی ۳

آج 'میری آواز سنو' میوسیقی پروگرام کا افتتاح ہے۔

پروگرام میں شالنی دعائیہ نظم پیش کرتی ہے۔

خدا تو بڑا ہے	تجھی سے دعا ہے
بنا ہم کو اچھا	بنا ہم کو سچا
ہمیں ایک کردے	ہمیں نیک کر دے
تیرے رحمتوں کا	رہے ہم پہ سایہ
ہمیں علم دے دے	تیری رحمتوں سے
سدا مسکرائیں	تجھے نہ بھلائیں

A یہ دعائیہ نظم ہے۔ بچو، ہر دن ہم کس سے دعا کرتے ہیں؟

B آپ خدا سے کیا کیا دعا کرتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سرگرمی ۴

اگلے ہفتہ اسکول سے تعلیمی سفر کے لیے جا رہے ہیں۔ نندو بھی جانا چاہتا ہے۔

اجازت مانگنے کے لیے وہ ابا جان کو خط لکھتا ہے۔

پالاکّاڈ

۲ / اگست ۲۰۲۳ء

پیارے ابا جان، آداب عرض ہے!

امید ہے کہ آپ خیر و عافیت سے ہوں گے۔ ہم سب یہاں خیریت سے ہیں۔ اگلے ہفتہ اسکول سے تعلیمی سفر کے لیے میسور جا رہے ہیں۔ میں بھی جانا چاہتا ہوں۔ آپ کی اجازت مانگتا ہوں۔

آپ کا پیارا بیٹا

نندو

بچّو، خط غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A یہ خط کون لکھتا ہے؟

B خط کہاں سے لکھتا ہے؟

C خط کس کے نام لکھتا ہے؟

D نندو خط کیوں لکھتا ہے؟

سرگرمی ۵

نندو رات کو کہانی پڑھنے لگا۔

آم کے پیڑ پر ایک چڑیا رہتی تھی۔ پاس ہی ایک کوّا بھی رہتا تھا۔ ایک دن زوردار بارش ہوئی۔ کوّے کا گھر بارش میں گر گیا۔ وہ پریشان ہو کر چڑیا سے مدد مانگنے لگا۔ چڑیا رانی! چڑیا رانی! ذرا دروازہ کھول دیجیے۔ بارش ہو رہی ہے۔ ....

اشارے	:	کون، کہاں، کیا

A بچّو، کہانی غور سے پڑھیے۔ اشاروں کی مدد سے تین سوالات تیار کیجیے۔

B اس کہانی کے لیے ایک مناسب عنوان لکھیے۔

سرگرمی ۶

امّی نے نندو کو کھانا کھلایا اور لوری گا کر سلانے لگی۔ نندو سوچنے لگا۔

سب سے پیاری ہے وہ سب سے اچھی ہے جو
میری ماں ہی تو ہے سب سے سچی ہے جو
اس کے لب پہ سدا میرا ہی ذکر ہے
رات دن اس کو بس میری ہی فکر ہے
میں نہ کھاؤں تو وہ کھانا کھاتی نہیں
چھوڑ کر مجھ کو وہ دور جاتی نہیں

بچّو، یہ نظم غور سے پڑھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے۔

A یہ نظم کس کے بارے میں ہے؟

B اس نظم سے دو ہم آواز الفاظ لکھیے۔

جیسے : کھاتی - جاتی

C اس نظم کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔